سوال

(143) تعاون کے لائق جماعت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں یونیورسٹی کا طالب علم ہوں، مختلف آراء وافکار کے گرداب میں گرفتار ہوں۔ بہت سی جماعتیں اور پارٹیاں ہیں جن میں سے ہر ایک خود کو دوسرے سے افضل ثابت کرتی ہے اوراپنے حامیوں کی تعداد میں اضافے کیلئے ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔ مثلاً اخوان المسلمین کی جماعت ہے، تبلیغی جماعت ہے جو چالیس دن یا چار مہینے کے لئے نکلتی کو کہتی ہے، انصارالسنۃ المحمدیہ ہے عبدالحمید بن بادیس کی اصلاحی جماعت ہے، لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ آپ صحیح راستہ کی طرف ہماری رہنمائی فرمائیں جس میں ہمارا بھلا ہو اور اسلام ان تمام چیزوں سے محفوظ رہے جس کی وجہ سے وہ بیرونی تحریکات سے متاثر ہوتا ہے جو ہماری لاعلمی میں ہمیں تباہ کررہی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کا فرض ہے کہ آپ کسی خاص جماعت کی طرف داری کئے بغیر حق پر عمل کریں، جس کی تائید ودلیل سے ہوتی ہو۔ تعاون کی سب سے زیادہ مستحق وہ جماعت ہے جو اس صحیح عقیدہ کی حامل ہو جس پر سلف صالحین اور ائمہ دین کاربند تھے اور قرآن وحدیث پر عمل پیرا ہو اور بعد میں پیدا ہونے والی بدعتوں اور خرافات سے دامن کش رہے۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن : عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر : عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۶۲۵۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلد دوم - صفحہ 157

محدث فتویٰ